# آؤٹ ڈور ڈائننگ کے ماحول میں چوہوں کو کم کرنے کا طریقہ

اگر آپ کا ریسٹورنٹ آؤٹ ڈور ڈائننگ آفر کر رہا ہے تو آپ کو چوہے اور دیگر پیسٹس کنٹرول کرنے کے اقدامات کرنے ہوں گے۔ ریسٹورنٹس اپنے ڈائننگ اسٹرکچرز کے آس پاس چوہوں پر کنٹرول کرنے کے ذمہ دار ہیں بشمول جب چوہوں نے متصل گلی کے درختوں میں اپنے گھر بنا لیے ہوں (جنھیں بل بھی کہا جاتا ہے)۔ اپنی ڈائننگ کی جگہ اور اگر آس پاس گلی میں درخت ہوں تو انہیں چوہوں سے پاک رکھنے کیلئے ان بہترین طریقوں پر عمل کریں۔

روزانہ صفائی کریں

- فوراً صفائی کریں اور گرے ہوئے کھانے کو تلف کر دیں۔ چوہوں کو زندہ رہنے کے لیے روزانہ بس ایک اونس خوراک درکار ہوتی ہے لہذا اچھی طرح صفائی کرنا یقینی بنائیں۔ یاد رکھیں کہ آؤٹ ڈور ڈائننگ کی جگہ میں کیڑوں سے متعلق خلاف ورزیاں آپ کی جانچ کے خط کے گریڈ میں شمار ہوتی ہیں۔
- تمام آؤٹ ڈور ڈائننگ کی جگہوں کو دھوئیں بشمول اٹھے ہوئے پلیٹ فارم کی نیچے کی جگہ۔ اس کے علاوہ، اپنے ریسٹورنٹ کے ارد گرد فٹ پاتھوں اور سڑک کناروں کو ہر شام ریسٹورنٹ بند ہونے کے بعد اور دوبارہ ہر بار کھلنے سے پہلے صابن اور پانی یا 10% بلیچ سلوشن (2 گیلن پانی میں 1 کپ بلیچ) سے دھونا یقینی بنائیں۔ یہ خاص بلیچ حل فارمولہ کھانے کے ساتھ رابطے میں آنے والی سطحوں کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔
- اسٹرکچر کے نچلے حصے کو پاور واش کریں تاکہ کوئی بھی چوہا بہہ کر باہر آ جائے نیز چوہے اسٹرکچر کے نیچے گھر نہ بنا سکیں۔
- ٹھہرے ہوئے پانی کو نکال دیں۔

اپنے کوڑے کا نظم کریں

- کوڑے کے کنٹینرز میں مضبوط پلاسٹک بیگز لگائیں۔ ہر بیگ کے نچلے اور بالائی حصے میں 10% بلیچ سلوشن میں بھیگا ہوا کپڑا رکھیں اور پھر اسے مضبوطی سے باندھ دیں تاکہ رساؤ کو کم کیا جا سکے۔
- یقینی بنائیں آپ کے پاس پک اپس کے دوران کوڑا رکھنے کے لیے کافی کوڑے کے کنٹینرز ہیں اور ہر کنٹینر پر مضبوطی سے بند ڈھکن ہے۔
- جس حد تک ممکن ہو، کوڑے کو سڑک کنارے تب ہی لے کر آئیں جب پک اپ کا وقت بالکل قریب ہو۔ کوڑا اور ری سائیکلنگ دو گھنٹے سے زیادہ دیر کے لیے سڑک کنارے نہیں ہونے چاہئیں۔ اپنے کیریئر کے ساتھ پک اپ کے مخصوص اوقات کا بندوبست کر لیں تاکہ کوڑے کے سڑک کنارے پڑے رہنے اور چوہوں کے لیے دستیاب رہنے کا وقت گھٹ جائے۔

روزانہ معائنہ کریں

- آؤٹ ڈور ڈائننگ کی جگہ، کوڑے کی جگہ، گملوں اور گلی کے درختوں کا روزانہ معائنہ کر کے یقینی بنائیں کہ وہ صاف ہیں اور کوئی بقیہ کھانا یا چوہوں کی علامت موجود نہیں ہے۔
- اپنے ڈائننگ شیڈ کے نیچے موجود جگہ کا معائنہ کرنے کے لیے فلیش لائٹ استعمال کریں۔
- اگر آپ کو چوہوں کی سرگرمی کی علامات ملیں جیسے فضلہ یا بل تو اپنے پیسٹس پروفیشنل سے اسٹرکچر کا اچھی طرح جائزہ لینے اور سروس کرنے کا کہیں۔

لائسنس یافتہ پیسٹ پروفیشنل کے ساتھ کام کریں

- ریسٹورنٹ آپریٹرز سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ ریسٹورنٹ کے اندر پیسٹس کنٹرول کرنے کے لیے ان کا لائسنس یافتہ پیسٹ پروفیشنل کے ساتھ کنٹریکٹ ہو۔ اپنی آؤٹ ڈور ڈائننگ کی جگہ میں چوہوں کو کنٹرول کرنے کے لیے اپنے پیسٹ پروفیشنل کے ساتھ مل کر کام کریں۔
- یقینی بنائیں کہ جو کمپنی آپ ہائر کرتے ہیں وہ نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ برائے ماحولیات کے تحفظ (Department of Environmental Conservation, DEC) کی جانب سے لائسنس یافتہ ہے۔ چیک کرنے کے

لیے، 718-482-4994 پر کال کریں یا **dec.ny.gov** ملاحظہ کریں۔

- پیسٹ پروفیشنل کے ساتھ مل کر کام کریں، آپ کیا کروانا چاہتے ہیں اس کے بارے میں واضح بات کریں اور ان کی کارکردگی مانیٹر کریں۔ جب بھی پیسٹ پروفیشنل وزٹ کریں ریسٹورنٹ آپریٹرز کو آؤٹ ڈور ڈائننگ کی جگہ کا بغور معائنہ کرنا چاہیے اور چوہوں کو ختم کرنے کے لیے ان کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے۔
- اگر چوہے ڈائننگ اسٹرکچر کے اندر بل بنا رہے ہیں یا رہ رہے ہیں تو جب تک آپ کا پیسٹ پروفیشنل چوہوں کو ختم کر رہا ہے اور جگہ کا علاج کر رہا ہے آپ کو **آؤٹ ڈور ڈائننگ سروس موقوف کر دینی چاہیے**۔ ڈائننگ سروس دوبارہ شروع کرنے سے پہلے آپ کو چوہوں کو باز رکھنے کے لیے اپنی آؤٹ ڈور جگہ کی تجدید کرنے کی ضرورت بھی پیش آ سکتی ہے۔
- اگر آپ کے پاس کوئی اٹھا ہوا پلیٹ فارم ہے تو پیسٹ پروفیشنل سے احاطے میں چوہوں کو دام میں لانے والے، ردوبدل مزاحم اسٹیشنز انسٹال کروائیں اور چوہوں کی سرگرمی کی علامات کے لیے جگہ کو مانیٹر کریں۔ غیر محفوظ دام میں لانے ولے یا ٹریک کرنے کے پاؤڈر کا استعمال کرنا ممنوع ہے کیونکہ چوہے اسے ٹریک کر کے پھیلا سکتے ہیں جس سے ڈائننگ کی جگہیں آلودہ ہو جائیں گی۔

<u>قریبی گلی کے درختوں سے چوہوں کو باہر رکھیں</u>

- Open Restaurant (اوپن ریسٹورنٹ) پروگرام کے قوائد و ضوابط (جو اہل قرار پانے والے ریسٹورنٹس اور بارز کو فٹ پاتھوں، سڑک کناروں، پائیں باغ، صحن اور کھلی گلیوں میں آؤٹ ڈور سیٹنگ میں توسیع کرنے کی اجازت دیتے ہیں) ڈائننگ کے عناصر کو گلی کے کسی درخت کا احاطہ کرنے، اس کے سائے میں رہنے یا رابطہ میں آنے سے نیز گلی کے درخت کے ایک فٹ کے اندر ہونے سے منع کرتے ہیں۔ گلی کے درخت کے ساتھ اپنا اسٹرکچر رکھنے سے چوہوں کی سرگرمی کو فروغ ملتا ہے اور درخت کو نقصان پہنچتا ہے۔ اگر آپ کا ڈائننگ اسٹرکچر پہلے ہی گلی کے درختوں کے قریب ہے تو آپ کو چوہوں کی روک تھام اور درخت کو محفوظ رکھنے کے اقدامات لینے چاہئیں۔
  - اگر گلی کے درختوں میں بلوں کے سوراخ موجود ہیں تو اپنے پیسٹ پروفیشنل سے چوہے کے بلوں کا علاج کروائیں یا دام میں لینے والے ردوبدل مزاحم اسٹیشنز انسٹال کروائیں۔
  - ہارڈ ویئر کا کپڑا (2/1 انچ کی جالی، 16 گاج گیلونائزڈ) درخت کے کھوہوں میں سرائیت پذیر سطح کے بطور انسٹال کیا جا سکتا ہے تاکہ علاج کے بعد چوہوں کو بلوں میں لوٹنے سے روکا جا سکے۔ مرغیوں کو روکنے والی تار استعمال نہ کریں کیونکہ چوہے اس سے باآسانی گزر سکتے ہیں۔
    - اس کام کے لیے NYC محکمہ برائے پارکس اور تفریح (NYC Department of Parks and Recreation) کی جانب سے درختوں کے کام کا پرمٹ درکار ہے۔ پرمٹ کی درخواست دینے کے لیے، **nycgovparks.org/services/forestry/forestry-application** ملاحظہ کریں۔
  - درختوں کی کیاریوں میں سیمنٹ، شیشہ یا دیگر نقصان دہ اشیاء استعمال نہ کریں جو درخت یا پالتو جانوروں کو یا پھر کیاری میں کھدائی کرنے والے پالتو جانوروں کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہوں۔ گلی کے درخت کو سیمنٹ کرنا سختی سے ممنوع ہے۔
  - درخت کے ارد گرد کی جگہوں کو کثرت سے صاف کریں اور درخت پر یا درخت کے قریب کبھی کوڑا نہ رکھیں۔
  - اگر آپ کے ڈائننگ کے عناصر گلی کے کسی درخت کا احاطہ کرتے ہیں، اس کے سائے میں آتے ہیں یا اس سے رابطہ میں آتے ہیں یا پھر شہر کے درخت کے ایک فٹ کے اندر ہیں تو اپنی آؤٹ ڈور ڈائننگ کی جگہ تبدیل کریں یا پھر اسے Open Restaurant کے قوائد و ضوابط کی تعمیل کے لیے سیٹ اپ کریں۔

<u>پیسٹس کی روک تھام کے لیے اپنے ڈائننگ اسٹرکچر کی تعمیر یا تجدید کریں</u>

- ڈائننگ اسٹرکچر کی وجہ سے بننے والی کوئی بھی خالی جگہ چوہوں کی "افزائش" کا مقام بن سکتی ہے یعنی ایک ایسی جگہ جہاں چوہے چھپتے ہوں یا گھر بناتے ہوں۔ اس میں آپ کے ڈائننگ اسٹرکچر کے نیچے موجود خالی جگہیں اور اگر آپ کے اسٹرکچر کی دیواروں کے اندر کی جگہ خالی ہو تو وہاں موجود جگہ شامل ہے۔ پیسٹس کو کنٹرول کرنے کی خاطر، یہ جگہیں معائنے اور صفائی کے لیے باآسانی دستیاب ہونی چاہئیں۔ اپنا اسٹرکچر اس طرح بنائیں یا یہ تجدید اس طرح کریں کہ فرش اور دیواروں کی خالی جگہیں قابل رسائی ہوں:
  - بیٹھنے کی جگہوں کے نیچے موجود فرش کے نیچے نکاسی کا انتظام ہونا چاہیے۔ ڈائننگ اسٹرکچرز کو

نکاسی کے لیے بارش کا پانی سڑک کنارے تک پہنچنے یا سڑک کنارے کے ساتھ بہنے سے نہیں روکنا چاہیے۔

- آسان معائنے کی سہولت دینے کے لیے، اسٹرکچر کے پلیٹ فارم میں اوپر کی طرف قبضہ سے جڑے ٹریپ دروازے بنائیں۔
- تقسیمی ستونوں کے درمیان دیواروں کو تقریباً 16 انچ کی لمبائی تک کھلا چھوڑ دیں۔
- اگر اسٹرکچر کے ارد گرد گملوں میں بلوں کے سوراخ موجود ہیں تو کنٹینرز سے ساری مٹی اور چوہوں کے گھر کے مواد کو نکال دیں اور پانی سے بھرے ہوئے لنگر یا رکاوٹ سے انھیں تبدیل کریں۔
- یقینی بنائیں کہ آپ اور آپ کا عملہ چوہوں کے پیشاب یا فضلے سے ممکنہ طور پر آلودہ مٹی یا مواد سے وابستہ کام کرتے وقت ہمیشہ پانی سے مزاحم دستانے پہنے اور کثرت سے ہاتھ دھوئے۔ عملہ کو یہ دستانے فراہم کریں۔

وسائل

- ریسٹورنٹس میں پیسٹ کی روک تھام سے متعلق مزید معلومات کے لیے:
  - **https://www1.nyc.gov/site/doh/business/permits-and-licenses/rats-business-owner.page**
- چوہوں کی روک تھام اور نظم سے متعلق مفت ٹریننگ کے لیے:
  - Rat Information Portal (چوہوں کے بارے میں معلومات کا پورٹل):**nyc.gov/rats**
  - Rat Academy Training (چوہوں کی اکیڈمی کی ٹریننگ): **https://www1.nyc.gov/site/doh/services/rats-control-training.page**
- Open Restaurants **کے بارے میں مزید جانیں:**
  - **nyc.gov/openrestaurants**